علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

(شعبہ قرآن و تفسیر)

وارننگ

عزیز طلبہ!

آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس کا نام: اصول تحقیق۔(1973) سمسٹر: بہار 2026

سطح: بی۔ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1. تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول کی جائیں گی۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالبِ علم ہی ہو گا۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: **100** (یونٹ نمبر: 1 تا 5) کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ اصولِ روایت و اصولِ درایت کا مفہوم، فرق اور تحقیقی اصولوں سے ان کے تعلق پر نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ تحقیق کا لغوی معنی اور تعریفات لکھیے اور مذکور تعریفات کی روشنی میں تحقیق کا مفہوم اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔
(20)

سوال نمبر 3۔ اصولِ روایت کے بارے میں مجتہدین کے طریقۂ استعمال پر جامع نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ معیاری تحقیق کی خصوصیات تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ خاکہ تحقیق کے بنیادی عناصر واجزاء تحریر کیجیے۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر: 100 (یونٹ: 6تا9) کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ ماخذ تحقیق اور ان کی اقسام کا مفہوم لکھیے اور تحقیق میں ماخذ کی اہمیت تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ تحقیقی مقالے کی ماہیت کے اجزاء مفصلاً تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ محقق کے اوصاف اور ذمہ داریوں پر تفصیلاً نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ اشاریہ کا مفہوم، اہمیت، مقاصد اور ترتیبِ اشاریے کے اسالیب کی توضیح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ تعلیقات و حواشی کے درمیان فرق اور حواشی کی اقسام لکھیے۔ (20)